دارالافتاء اہلسنّت (دعوتِ اسلامی)
Darul Ifta AhleSunnat

ریفرینس نمبر: Nor.9208 بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ تاریخ: 09-10-2018

شیطان کو موت کب آئے گی؟

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ شیطان کو موت کب آئے گی؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شیطان کو نفخہ اُولیٰ کے وقت موت آئے گی۔نفخہ اُولیٰ سے مراد حضرت اسرافیل علیہ السلام کا پہلی مرتبہ صور پھونکنا ہے، جس کی وجہ سے ہر چیز فنا ہو جائے گی،انسان ہوں یا فرشتے، جن ہو یا شیاطین سب مر جائیں گے،اس کے چالیس سال بعد دوسرا صور پھونکا جائے گا،تو مردے زندہ ہو جائیں گے، پھر قیامت قائم ہو گی۔

تفسیر درمنثور میں ہے کہ "النفخۃ الاولیٰ یموت فیھا ابلیس وبین النفخۃ والنفخۃ اربعون سنۃ قال فیموت ابلیس اربعین سنۃ"یعنی نفخہ اُولیٰ کے وقت ابلیس کو موت آئے گی اور نفخہ اُولیٰ اور نفخہ ثانیہ کے مابین چالیس سال کا عرصہ ہو گا اور کہا کہ ابلیس چالیس سال تک مردہ رہے گا۔
(تفسیر درمنثور، ج5،ص71،مطبوعہ دارالاحیاء والتراث)

حاشیۃ الجمل علی الجلالین میں ہے کہ" ﴿قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ﴾ یعنی الوقت الذی یموت فیہ جمیع الخلائق وھو وقت النفخۃ الاولیٰ فتموت فیھا ثم تبعث مع الناس فمدۃ موتہ اربعون سنۃ وھی مابین النفختین" یعنی اللہ پاک نے فرمایا کہ تو ان میں سے جن کو اس معلوم وقت تک مہلت ہے یعنی وہ وقت جس میں تمام مخلوقات کو موت آئے گی اور وہ نفخہ اُولیٰ کا وقت ہے،تو بھی اسی وقت

مرے گا، پھر تولوگوں کے ساتھ قیامت والے دن اٹھے گا، شیطان کی موت کی مدت چالیس سال ہے جو کہ دونوں نفخوں کے مابین کا عرصہ ہے(یعنی شیطان چالیس سال تک مردہ حالت میں رہے گا)۔

(حاشیۃ الجمل، ج4، ص183، مطبوعہ کراچی)

مفتی امجد علی اعظمی بہار شریعت میں نفخۂ اُولیٰ کے متعلق لکھتے ہیں کہ "دفعۃً حضرت اسرافیل علیہ السلام کو صور پھونکنے کا حکم ہوگا۔ شروع شروع اس کی آواز بہت باریک ہوگی اور رفتہ رفتہ بہت بلند ہو جائے گی۔ لوگ کان لگا کر اس کی آواز سنیں گے اور بے ہوش ہو کر گر پڑیں گے اور مر جائیں گے، آسمان، زمین، پہاڑ یہاں تک کہ صور اور اسرافیل اور تمام ملائکہ فنا ہو جائیں گے۔ **(بہار شریعت، ج1، ص128، مکتبۃ المدینہ)**

واللہ اعلم عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــہ

ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

28محرم الحرام1440ھ/09اکتوبر2018